السہم المصیب فی الرد علی الخطیب (عربی) : تالیف، علامہ ابو بکر بن ایوب ۔ ناشر، دار الکتب العلمیہ اکوڑہ خٹک (پشاور) قیمت ۲۰ روپے ۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں سیدنا امام الائمہ سید الفقہا امام اعظم ابو حنیفہ کی ذات عالی مرتبت پر جو بے جا اتہامات اور بے بنیاد روایات نقل کی ہیں اور کچھ دل جلے انہی روایات کو مختلف انداز سے نقل کر کے سراج الامہ سیدنا امام اعظم کی عظمتوں کے روشن آفتاب کو انگلیوں سے چھپانے کی ناکام کوشش کرتے چلے آتے ہیں۔

علامہ ابو بکر بن ایوب نے اپنی اس عظیم تصنیف میں ایسی تمام روایات کا سنداً و متناً جائزہ لیا اور روایۃً و درایۃً ہر لحاظ سے سیر حاصل بحث کر کے ان تمام روایات و اتہامات کی قلعی کھول دی ہے ۔ جو تاریخ بغداد کے حوالہ سے نقل ہوتے چلے آئے ہیں ۔ کتاب کی علمی عظمت اور تحقیقی مرتبت کے لئے کیا یہ کوئی کم سند ہے کہ زہری زمان علامہ انور شاہ کشمیری نے اپنے موضوع پر جامع قرار دیا ہے ۔ اور " قد کفی ہذا لک " کی تقریظ صادر فرمائی ہے ۔ اور فرمایا کرتے !

کاش یہ کتاب چھپ جائے تو دنیا کو معلوم ہو جاتے کہ خطیب کی روایات کی اصل حقیقت کیا ہے ۔

علامہ شبیر احمد عثمانی اپنی شہرۂ آفاق تصنیف فتح الملہم کے مقدمہ میں تحریر فرماتے ہیں :-

اما من اراد الاطلاع علی ھفوات الخطیب فی شان ابی حنیفہ فلیطالع السہم المصیب فانہ یشفی الصدور ویذھب غیظ القلوب

جسے خطیب بغدادی کے بے جا اتہامات و ہفوات اور روایات کی تحقیق مقصود ہو اسے لامحالہ " السہم المصیب " کا مطالعہ کر لینا چاہئے ۔ کیونکہ اس کے مطالعہ سے مریض قلوب کو شفا حاصل ہوتی ہے ۔ اور دلوں کی کدورتیں دور ہوتی ہیں ۔ دار الکتب العلمیہ کے منتظمین پوری ملت بالخصوص حضرات احناف کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اشاعتی میدان میں اپنا سب سے پہلا قدم امام اعظم ابو حنیفہؒ کی مدافعت میں اٹھایا جو ایک نیک فال بھی ہے امید ہے کہ علمی حلقے اس نادر و نایاب کتاب کی اشاعت پر ناشرین کی حوصلہ افزائی فرمائیں گے ۔ (عبدالقیوم حقانی)

افادات حلیم : حضرت مولانا عبدالحلیم مردانی صدر المدرسین دار العلوم حقانیہ جن کا پچھلے سال وصال ہوا کی یاد میں ان کے فرزند گرامی مولانا محمد ابراہیم فانی مدرس دار العلوم حقانیہ کا مرتب کردہ یہ مجموعہ مولانا مرحوم کے بعض اہم درسی افادات اور مختصر سوانح پر مشتمل ہے ۔ اور ان کی ایک بہترین یادگار ہے ۔ آغاز میں مولانا سمیع الحق صاحب کا پیش لفظ ہے ۔ مولانا مرحوم کے تعزیتی ابلاغ میں کی گئی حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی تقریر بھی شریک اشاعت ہے ۔ صفحات ۶۵ قیمت ۶ روپے ۔ ناشر مؤتمر المصنفین اکوڑہ خٹک